COVID-19 ویکسینز Pfizer-BioNTech، Moderna، COVISHIELD/AstraZeneca اور

30 ستمبر 2021 کو اپ ڈیٹ ہوا

COVID-19 کے خطرات

COVID-19 ایک وائرل انفیکشن ہے جو بنیادی طور پر پھیپھڑوں کو متاثر کرتا ہے- عمر رسیدہ بالغ افراد اور صحت کے عوارض والے افراد کو COVID-19 سے واقعی بیمار ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے- یہ پھیپھڑوں، دل یا دماغ کو نقصان پہنچا سکتا ہے- طویل مدتی علامات میں تھکاوٹ محسوس ہونا، سانس لینے میں تکلیف ہونا، توجہ مرکوز کرنے میں دشواری ہونا اور پٹھوں میں درد ہونا شامل ہو سکتی ہیں-

COVID-19 نئی شکلوں میں تبدیل ہوتا رہتا ہے- اس کے کچھ اقسام زیادہ آسانی سے پھیل سکتے ہیں اور لوگوں کو زیادہ بیمار بنا سکتے ہیں-

ویکسینز کس طرح کام کرتے ہیں؟

COVID-19 ویکسینز ہمارے جسم کو اینٹی باڈیز بنانے کو کہتے ہیں جو ہمیں COVID-19 وائرس سے بچاتے ہیں- کینیڈا میں منظور شدہ تینوں ویکسینز کی دو خوراک کی ضرورت ہوتی ہے- Janssen (Johnson & Johnson) ویکسین کی صرف ایک خوراک کی ضرورت ہوتی ہے- ان ویکسینز میں COVID-19 وائرس نہیں ہوتا ہے اور یہ ہمیں COVID-19 نہیں دے سکتے ہیں-

ویکسین کے فوائد

کینیڈا میں منظورہ شدہ COVID-19 ویکسینز 12 سے 18 سال اور اس سے زیادہ عمر کے لوگوں کے لیے ہیں جن میں حاملہ یا دودھ پلانے والی خواتین، بزرگ افراد، اور کوئی بھی طبی عارضہ میں مبتلا فرد شامل ہیں- یہ ویکسینز لوگوں کو COVID-19 ہونے اور اسے پھیلانے سے بچاتے ہیں- وہ COVID-19 سے سنگین بیماری سے بھی بچاتے ہیں- ویکسین لگنے کے بعد محفوظ ہونے میں کم از کم دو ہفتے لگتے ہیں- جن ویکسینز کی دو خوراکوں کی ضرورت ہوتی ہے ان سے مکمل حفاظت دوسری خوراک کے 2-1 ہفتوں بعد ہوتی ہے-

تمام ویکسینز دل یا پھیپھڑوں کے مسائل، ذیابیطس یا ہائی بلڈ پریشر جیسے صحت کے عوارض والے افراد کے لیے محفوظ ہیں- وہ بیماری یا علاج کی وجہ سے خود منع کیفیت، یا کمزور مدافعتی نظام والے افراد کے لیے بھی محفوظ ہیں، لیکن ہو سکتا ہے کہ ان عوارض میں مبتلا افراد میں ویکسین کام بھی نہ کرے-

تھوڑا امکان ہے کہ آپ کو ویکسینیشن کے بعد بھی COVID-19 ہو سکتا ہے- یہ ضروری ہے کہ جب تک زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ویکسین نہ لگ جائے تب تک صحت عامہ کے اقدامات پر عمل جاری رکھا جائے- فی الحال، اس بارے میں بہت کم معلومات موجود ہیں کہ ویکسینز ہماری کب تک حفاظت کریں گے- مستقبل میں ایک بوسٹر خوراک کی ضرورت پڑ سکتی ہے-

ویکسین کے اجزاء ترکیبی اور الرجیاں

ویکسینز میں لپڈ (چربی)، نمک، شکر اور بفر شامل ہیں- ان میں انڈے، جیلاٹن (سور کا گوشت)، گلوٹین، لیٹیکس، کیمیاوی ادویہ، اینٹی بائیوٹکس، یا ایلومنیم نہیں ہوتے ہیں- COVID-19 ویکسینز سے الرجی شاذ ونادر ہی ہوتی ہے- ویکسینز محفوظ ہیں، اگرچہ آپ کو کھانے، منشیات یا ماحولیاتی الرجی ہو- اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے پہلے بات کریں اگر آپ کو پولی ایتھلین گلائی کول، ٹرومیتھامائن یا پولی سوربیٹ سے الرجی ہے-

سنگین الرجک ردعمل (اینافائیلیکسس) شاذ ونادر ہی ہوتے ہیں- الرجک ردعمل کا علاج کیا جا سکتا ہے اور یہ عام طور پر عارضی ہوتے ہیں- اگر آپ کو سانس لینے میں تکلیف ہو، یا چہرے اور گلے میں چھپاکی یا سوجن ہو تو طبی امداد حاصل کریں-

ضمنی اثرات اور خطرات

تقریبا 20 فیصد لوگوں کو ضمنی اثرات ہوتے ہیں- زیادہ تر ہلکے سے لے کر معتدل تک ہوتے ہیں، اور ایک سے تین دن رہتے ہیں- ضمنی اثرات کا عام طور پر مطلب یہ ہے کہ ویکسین آپ کے مدافعتی نظام کو تیز کرنے کے لیے کام کر رہی ہے-

عام ضمنی اثرات میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- انجیکشن کی جگہ پر لالی، درد، کھجلی یا سوجن
- بخار
- سر درد
- تھکاوٹ محسوس کرنا
- پٹھوں میں درد
- جوڑوں میں درد
- کپکپی
- متلی اور/یا قے

مایوکارڈائٹس اور پیریکارڈائٹس:

- **مایوکارڈائٹس اور پیریکارڈائٹس دل کے مختلف حصوں میں سوجن کی ایک قسم ہیں-**
- **کینیڈا کی پبلک ہیلتھ ایجنسی ویکسینیشن کے بعد نوعمروں اور نوجوان بالغوں میں رپورٹوں کی ایک چھوٹی سی تعداد کی نگرانی کر رہی ہے- پیش آنے والے زیادہ تر معاملات ہلکے تھے اور ان کا علاج ادویات اور آرام سے کیا جاتا تھا-**
- **ویکسینیشن کے بعد اگر آپ سینے میں درد، سانس لینے میں دشواری، یا دھڑکن محسوس ہو تو طبی امداد حاصل کریں-**
- **ویکسینیشن کی سفارش ابھی بھی کی جاتی ہے کیونکہ فوائد خطرات سے کہیں زیادہ ہیں-**

وائرل ویکٹر ویکسینز (AstraZeneca، COVISHIELD، Janssen) کے بعد کبھی کبھار ہونے والے ضمنی اثر:

شاذ و نادر خون کے جماؤ کو وائرل ویکٹر ویکسینز سے جوڑا گیا ہے- اگر ویکسینیشن کے بعد 4 سے 28 دن میں آپ کو سانس لینے میں دشواری، سینے میں درد یا پیر میں سوجن؛ پیٹ میں نیا یا بدترین درد؛ شدید یا بڑھتا ہوا سر درد، یا دھندلا پن؛ یا (ویکسین لینے کی جگہ کے علاوہ) جلد میں خراش یا دھبے ہوں تو طبی نگہداشت حاصل کریں--

اگر آپ کو ویکسین کا سنگین ردعمل ہوتا ہے یا ردعمل 3 دنوں کے بعد ختم نہیں ہوتا ہے، تو اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو بتائیں - ویکسینز کے محفوظ بنے رہنے کو یقینی بنانے کے لیے صحت عامہ ضمنی اثرات پر نظر رکھتی ہے-

تاخیری ویکسینیشن

- اگر آپ کو بخار یا COVID-19 کی کوئی علامات ہوں، تو ویکسین لگوانے سے پہلے صحتیاب ہونے کا انتظار کریں-
- اگر آپ کی جانچ پازیٹیو آئے یا COVID-19 میں مبتلا کسی شخص کے قریبی رابطے میں آنے کی وجہ سے آپ کو خود کو الگ تھلگ رکھنے کا مشورہ دیا گیا ہو، تو براہ مہربانی بعد کی تاریخ کے لیے اپنے اپائنٹمنٹ کا دوبارہ شیڈول مقرر کریں جب آپ کے الگ تھلگ رہنے کی مدت ختم ہو جائے-

کسی نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے مشورہ کریں

ویکسین لگوانے سے پہلے اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ یا الرجسٹ سے بات کریں اگر:

- آپ دوائیں لے رہے ہیں جو آپ کے مدافعتی نظام کو کمزور کرتے ہیں – ہو سکتا ہے کہ آپ اپنی دواؤں کے مطابق اپنے ویکسینیشن کا وقت مقرر کرنا چاہیں
- COVID-19 ویکسین کی اپنی پہلی خوراک حاصل کرنے کے بعد چار گھنٹوں کے اندر آپ کو الرجی سے متعلق ردعمل کا سامنا کرنا پڑا ہو

- آپ کو ویکسین کے اجزاء ترکیبی میں سے کسی سے الرجی ہے

اپنی اور دوسروں کی حفاظت کرتے رہیں

جب تک زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ویکسین نہیں لگائے جاتے ہیں، تب تک جسمانی دوری، ماسک پہننے، اور گھر پر رہنے سمیت صحت عامہ کے اقدامات پر عمل کرتے رہیں اگر آپ بیمار ہوں گے تو یہ COVID-19 اور تشویش کی مختلف حالتوں سے آپ کی حفاظت کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔

مزید معلومات کے لیے: اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں یا toronto.ca/COVID19 ملاحظہ کریں۔

وسائل: حفاظتی ٹیکوں سے متعلق قومی مشاورتی کمیٹی۔ *COVID-19 ویکسنز کے استعمال کے بارے میں تجاویز*۔